میں کرونا وائرس (COVID-19) سے متاثر ہوں، کیا میں وظائف کے لئے اہل ہوں؟

بہت سے ایسے لوگ جو COVID-19 سے متاثر ہوئے ہیں اشیائے ضروریہ خریدنے، نگہداشت صحت پانے، یا مالی امداد حاصل کرنے میں اپنی مدد کی خاطر وظائف کے اہل قرار پائے ہیں۔ درج ذیل صفحات پر ملاحظہ کریں کہ آپ کس قسم کی امداد مستحق ہو سکتے ہیں۔ کچھ وظائف کے لئے، دیگر عوامل (مثال کے طور پر، حمل یا امیگریشن کی حیثیت) آپ کی اہلیت کو متاثر کر سکتے ہیں۔

وظائف بہت سے بالغان کو میسر ہیں

صحت کا بیمہ

Medicaid

آپ Medicaid کے اہل قرار پا سکتے ہیں اگر آپ:

- ☐ عمر 19 تا 64 سالوں کے درمیان ہے

اور

- ☐ بچوں کے بغیر اکیلے ہیں اور ماہانہ $1,467 یا سالانہ $17,609 سے کم آمدن کے حامل ہیں
- ☐ دو افراد کے گھرانے میں ماہانہ $1,982 یا سالانہ $23,792 سے کم آمدن کے ساتھ رہتے ہیں
- ☐ چار افراد کے گھرانے میں ماہانہ $3,013 یا سالانہ $36,156 سے کم آمدن کے ساتھ رہتے ہیں

Medicaid کے لئے NY State of Health کی ویب سائٹ کے ذریعے اپلائی کریں یا GetCoveredNYC کے ذریعے مدد حاصل کریں۔ اگر آپ 65 سال یا اس سے زائد عمر کے ہیں، نابینا ہیں، یا کسی معذوری کا شکار ہیں، تو HRA کو1-888-692-6116 پر کال کریں اور Medicaid کے بارے میں دریافت کریں۔

NY State of Health

آپ NY State of Health کے اہل قرار پا سکتے ہیں اگر آپ:

- ☐ کی عمر 19 تا 64 سالوں کے درمیان ہے

اور

- ☐ بچوں کے بغیر اکیلے ہیں اور ماہانہ $4,253 یا سالانہ $51,040 سے کم آمدن کے حامل ہیں
- ☐ دو افراد کے گھرانے میں ماہانہ $5,746 یا سالانہ $68,960 سے کم آمدن کے ساتھ رہتے ہیں
- ☐ چار افراد کے گھرانے میں ماہانہ $8,733 یا سالانہ $104,800 سے کم آمدن کے ساتھ رہتے ہیں

اپنے پاس موجود اختیارات دیکھیں اور NY State of Health کی ویب سائٹ کے ذریعے اپلائی کریں۔

صحت کا بیمہ برائے اطفال

بچے صحت کے بیمے کے وظائف کے اہل ہو سکتے ہیں اگر تو وہ کسی ایسے گھرانے میں موجود ہوں جس کی آمدن بڑوں کے لئے اوپر درج کردہ آمدن سے زیادہ ہے۔

اپنے پاس موجود اختیارات دیکھیں اور NY State of Health کی ویب سائٹ کے ذریعے اپلائی کریں۔

اشیائے ضروریہ خریدنے میں مدد کی خاطر فوڈ اسٹیمپس (SNAP)

اضافی غذائی معاونت کا پروگرام (SNAP) ان خاندانوں کو رقم فراہم کرتا ہے جنہیں کھانا خریدنے میں اپنی مدد کی غرض سے یہ درکار ہو۔ آپ SNAP کے اہل قرار پا سکتے ہیں اگر آپ:

- ☐ بچوں کے بغیر اکیلے ہیں اور ماہانہ $1,354 یا سالانہ $16,248 سے کم آمدن کے حامل ہیں
- ☐ دو افراد کے گھرانے میں ماہانہ $1,832 یا سالانہ $21,984 سے کم آمدن کے ساتھ رہتے ہیں
- ☐ چار افراد کے گھرانے میں رہتے ہیں جس کی آمدن : ماہانہ $2,790 یا سالانہ $33,480 سے کم ہے

SNAP کے لئے ACCESS HRA کے ذریعے آن لائن اپلائی کریں۔

دستیاب معاونت پر مزید معلومات کے لئے، کرونا وائرس (COVID-19) کا معلوماتی صفحہ ملاحظہ کریں

Urdu

میں کرونا وائرس (COVID-19) سے متاثر ہوں، کیا میں وظائف کے لئے اہل ہوں؟

بہت سے ایسے لوگ جو COVID-19 سے متاثر ہوئے ہیں اشیائے ضروریہ خریدنے، نگہداشت صحت پانے، یا مالی امداد حاصل کرنے میں اپنی مدد کی خاطر وظائف کے اہل قرار پائے ہیں۔ درج ذیل صفحات پر ملاحظہ کریں کہ آپ کس قسم کی امداد کے لئے اہل ہو سکتے ہیں۔ کچھ وظائف کے لئے، دیگر عوامل (مثال کے طور پر، حمل یا امیگریشن کی حیثیت) آپ کی اہلیت کو متاثر کر سکتے ہیں۔

ذاتی کاروبار کے حامل کارکنان کے لئے دستیاب وظائف

بامعاوضہ اور بلامعاوضہ رخصت

اگر آپ بیمار ہیں یا اپنے اہل خانہ کی دیکھ بھال کر رہے ہیں

وفاقی قانون کے تحت، اگر آپ ذاتی کاروبار کے مالک ہیں تو آپ COVID-19 سے متعلقہ رخصت کے لئے ٹیکس کریڈٹس کے اہل قرار پا سکتے ہیں۔ آپ اہل قرار پا سکتے ہیں بشرطیکہ آپ:

☐ حکومت کی جانب سے جاری کردہ حکم یا نگہداشت صحت کے فراہم کنندہ کی جانب سے تجویز کردہ قرنطینہ میں ہونے کے سبب کام یا ٹیلی ورک نہیں کر سکتے

☐ حکومت کی جانب سے جاری کردہ حکم یا نگہداشت صحت کے فراہم کنندہ کی جانب سے تجویز کردہ قرنطینہ میں موجود خاندان کے کسی فرد کی دیکھ بھال کرنے کے سبب کام نہیں کر سکتے

☐ آپ کو COVID-19 کی علامات کا سامنا ہے اور آپ طبی تشخیص کروا رہے ہیں

☐ کسی ایسے بچے کی دیکھ بھال کر رہے ہیں جس کا اسکول بند ہے یا جس کی طفلی نگہداشت میسر نہیں ہے

ذاتی کام کرنے والے افراد کے لئے بیماری کی رخصت کے بارے میں مزید جانیں

آپ کے ملازمت کھو دینے کی صورت میں ادائیگیاں

اگر آپ چند گھنٹے کام کر رہے ہیں، کوئی طے شدہ ملازمت کے حامل ہیں جو کہ منسوخ ہو گئی ہے، یا COVID-19 کے باعث چھٹی پر ہیں

وبائی بیروزگاری میں معاونت

وبائی بیروزگاری میں معاونت (Pandemic Unemployment Assistance (PUA)) ان افراد کو ایک عارضی آمدن فراہم کرتی ہے جو کہ بیروزگاری کے بیمے کے لئے عام طور پر اہل نہیں قرار پاتے، چاہے آپ آزاد ٹھیکیدار کے طور پر عموماً اہل نہ قرار پاتے ہوں۔ اگر آپ کرونا وائرس کی وباء کے نتیجے میں کام کرنے سے قاصر ہوں تو آپ اہل ہو سکتے ہیں۔

NY محکمۂ برائے مزدور(NY Department of Labor) کی ویب سائٹ پر آن لائن اپلائی کریں، اور سسٹم اس امر کا تعین کرے گا کہ کیا آپ UI یا PUA کے لئے اہل ہیں۔

وبائی بیروزگاری میں ازالہ کاری

وبائی ایمرجنسی میں بیروزگاری کی ازالہ کاری (PEUC) معمول کے ہفتہ وار بیروزگاری کے وظائف سے پہلے آپ کو فی ہفتہ اضافی $600 فراہم کرتا ہے۔ اگر آپ UI یا PUA کے لئے اہل ہیں، تو آپ کو خودبخود PEUC کی جانب سے اضافی رقم موصول ہو جائے گی۔

دستیاب معاونت پر مزید معلومات کے لئے، کرونا وائرس (COVID-19) کا معلوماتی صفحہ ملاحظہ کریں

میں کرونا وائرس (COVID-19) سے متاثر ہوں، کیا میں وظائف کے لئے اہل ہوں؟

بہت سے ایسے لوگ جو COVID-19 سے متاثر ہوئے ہیں اشیائے ضروریہ خریدنے، نگہداشت صحت پانے، یا مالی امداد حاصل کرنے میں اپنی مدد کی خاطر وظائف کے اہل قرار پائے ہیں۔ درج ذیل صفحات پر ملاحظہ کریں کہ آپ کس قسم کی امداد کے لئے اہل ہو سکتے ہیں۔ کچھ وظائف کے لئے، دیگر عوامل (مثال کے طور پر، حمل یا امیگریشن کی حیثیت) آپ کی اہلیت کو متاثر کر سکتے ہیں۔

ملازمین کے لئے دستیاب وظائف

بامعاوضہ یا بلامعاوضہ رخصت

اگر آپ بیمار ہیں یا اپنے اہل خانہ کی دیکھ بھال کر رہے ہیں

وفاقی بیماری کی اور خاندانی رخصت

اگر آپ کے آجر کے پاس 500 سے کم ملازمین ہیں، تو آپ اہل ہو سکتے ہیں:

- **بامعاوضہ بیماری کی رخصت کے (مکمل تنخواہ پر)** بشرطیکہ آپ حکومت کی جانب سے جاری کردہ حکم یا نگہداشت صحت کے فراہم کنندہ کی جانب سے تجویز کردہ قرنطینہ کے سبب کام نہ کر سکتے ہوں، یا آپ COVID-19 کی علامات کے سبب بیمار ہوں اور آپ طبی تشخیص کروا رہے ہوں
- **بامعاوضہ بیماری کی رخصت (دو تہائی تنخواہ پر)** بشرطیکہ آپ کام نہ کر سکتے ہوں کیونکہ آپ حکومت کی جانب سے جاری کردہ حکم یا نگہداشت صحت کے فراہم کنندہ کی جانب سے تجویز کردہ قرنطینہ میں موجود کسی فرد کی دیکھ بھال کرتے ہوں
- **ایک اضافی 10 ہفتوں تک توسیع شدہ خاندانی اور طبی رخصت (دو تہائی تنخواہ پر)** کسی ایسے بچے کی نگہداشت کے لئے جس کا اسکول یا طفلی نگہداشت کنندہ ادارہ بند ہو یا COVID-19 سے متعلقہ وجوہات کے سبب میسر نہ ہو

اہل قرار پانے والے آجرین کو لازمی طور پر آپ کو یہ رخصت فراہم کرنی چاہیئے، اور آپ کو درخواست دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ مزید جاننے کے لئے، US محکمہ برائے مزدور کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

ریاستی بیماری کی رخصت

NY ریاست کی جانب سے بیماری کی اور خاندانی رخصت (آپ کے آجر ادارے کے سائز پر منحصر) اضافی بامعاوضہ یا بلامعاوضہ رخصت فراہم کرتی ہے۔ آپ اہل ہو سکتے ہیں بشرطیکہ آپ درج ذیل وجوہات کے سبب کام نہ کر سکیں:

☐ حکومت یا نگہداشت صحت کے فراہم کنندہ کی جانب سے حکم کردہ علیحدگی یا قرنطینہ

☐ COVID-19 کے سبب متاثرہ کسی خاندانی فرد کی دیکھ بھال کرنا

اہل قرار پانے والے آجرین کو لازمی طور پر آپ کو یہ رخصت فراہم کرنی چاہیئے، اور آپ کو درخواست دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ NY ریاست کا محکمہ برائے مزدور سے مزید جانیں۔

نیو یارک شہر کی بیماری کی رخصت

NYC کی بامعاوضہ تحفظ اور بیماری کی رخصت میں NYC ملازمین کے لئے (آجر ادارے کے سائز پر منحصر) بامعاوضہ یا بلامعاوضہ بیماری کی رخصت کے کم و بیش 40 گھنٹے شامل ہوتے ہیں۔ آپ اہل قرار پا سکتے ہیں:

☐ آپ نے اپنے آجر کے لئے

☐ امیگریشن کی حیثیت سے قطع نظر 120 یا اس سے زیادہ دن کام کیا ہو

اہل قرار پانے والے آجرین کو لازمی طور پر آپ کو یہ رخصت فراہم کرنی چاہیئے، اور آپ کو درخواست دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ محکمہ برائے صارف و کارکن کا تحفظ (Department of Consumer and Worker Protection) سے مزید جانیں۔

دستیاب معاونت پر مزید معلومات کے لئے، کرونا وائرس (COVID-19) کا معلوماتی صفحہ ملاحظہ کریں

میں کرونا وائرس (COVID-19) سے متاثر ہوں، کیا میں وظائف کے لئے اہل ہوں؟

بہت سے ایسے لوگ جو COVID-19 سے متاثر ہوئے ہیں اشیائے ضروریہ خریدنے، نگہداشت صحت پانے، یا مالی امداد حاصل کرنے میں اپنی مدد کی خاطر وظائف کے اہل قرار پائے ہیں۔ درج ذیل صفحات پر ملاحظہ کریں کہ آپ کس قسم کی امداد کے لئے اہل ہو سکتے ہیں۔ کچھ وظائف کے لئے، دیگر عوامل (مثال کے طور پر، حمل یا امیگریشن کی حیثیت) آپ کی اہلیت کو متاثر کر سکتے ہیں۔

ملازمین کے لئے دستیاب وظائف

آپ کے ملازمت کھو دینے کی صورت میں ادائیگیاں

اگر آپ چند گھنٹے کام کر رہے ہیں، کسی طے شدہ ملازمت کے حامل ہیں جو کہ منسوخ ہو گئی ہے، یا COVID-19 کے باعث چھٹی پر ہیں

وبائی بیروزگاری میں معاونت

وبائی بیروزگاری میں معاونت (PUA) ان افراد کو ایک عارضی آمدن فراہم کرتی ہے جو کہ بیروزگاری کے بیمے کے لئے عام طور پر اہل نہیں قرار پاتے، چاہے آپ آزاد ٹھیکیدار کے طور پر عموماً اہل نہ قرار پاتے ہوں۔ اگر آپ کرونا وائرس کی وبا کے نتیجے میں کام کرنے سے قاصر ہوں تو آپ اہل ہو سکتے ہیں۔

NY محکمۂ برائے مزدور(NY Department of Labor) کی ویب سائٹ پر آن لائن درخواست دیں، اور سسٹم اس امر کا تعین کرے گا کہ کیا آپ UI یا PUA کے لئے مستحق ہیں۔

وبائی بیروزگاری میں ازالہ کاری

وبائی ایمرجنسی میں بیروزگاری کی ازالہ کاری (PEUC) معمول کے ہفتہ وار بیروزگاری کے وظائف سے پہلے آپ کو فی ہفتہ اضافی $600 فراہم کرتا ہے۔ اگر آپ UI یا PUA کے لئے اہل ہیں، تو آپ کو خودبخود PEUC کی جانب سے اضافی رقم موصول ہو جائے گی۔

آپ کے جائے ملازمت پر COVID-19 کے سبب بیمار پڑ جانے کی صورت میں مدد

اگر آپ اپنی ملازمت کے براہ راست نتیجے کے طور پر COVID-19 کے سبب بیمار پڑ جائیں، تو آپ کارکن کے لئے ازالہ کاری کے ذریعے سے نقد وظائف، طبی نگہداشت، یا دونوں کے اہل ہو سکتے ہیں۔

کارکن کے لئے ازالہ کاری کے بورڈ (Workers’ Compensation Board) کے ذریعے آن لائن اپلائی کریں۔

ملازمت کے علاوہ آپ کے COVID-19 کے سبب بیمار پڑ جانے، معذور ہونے، یا کام نہ کر سکنے کی صورت میں مدد

اگر آپ ملازمت کے علاوہ COVID-19 کے سبب بیمار پڑ جاتے ہیں اور آپ کام کرنے سے قاصر ہیں اور آپ کو کام کرنے سے روکا گیا ہے، تو آپ معذوری کے وظائف کے لئے اہل ہو سکتے ہیں۔

NY State کی ویب سائٹ کے ذریعے آن لائن اپلائی کریں۔

دستیاب معاونت پر مزید معلومات کے لئے، کرونا وائرس (COVID-19) کا معلوماتی صفحہ ملاحظہ کریں

Urdu